جناب محمد شیراز: شکریہ، شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! یہ "الف" میں جو جواب دیا منسٹر صاحب نے، اس میں یونیورسٹی آف صوابی کو 14-2013 میں تمبا کو سیس اور ہائیڈرو رائلٹی کی مد سے 211.969 ملین روپے ملنے تھے لیکن اب صوبائی حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ اس مد سے آنے والی رقم اس علاقے کے ترقیاتی کاموں پر خرچ کی جائے گی جس میں تعلیم کے علاوہ دوسرے شعبے بھی ہیں۔ جناب سپیکر، اس میں یہ وضاحت نہیں کی گئی ہے کہ آیا یہ صرف ٹوبیکو سیس کی جو رقم ہے، وہ ایجوکیشن پہ لگے گی کہ یہ جسطرح نیچے سوال نمبر 2 جو ہے کہ جبکہ باچاخان یونیورسٹی کو ٹوبیکو سیس کی مد سے سالانہ کی بنیاد پر گرانٹ نہیں دی جاتی۔ یہ نمبر 3 ہری پور اور ہزارہ یونیورسٹی کو بجلی کی آمدن سے سالانہ گرانٹ نہیں دی جاتی۔ چونکہ یہ گرانٹ ان علاقوں کے ممبران صوبائی اسمبلی کی سفارش پر دی جاتی ہے لہذا ہزارہ، ہری پور، سوات، شرینگل اور ملاکنڈ یونیورسٹی کیلئے ان علاقوں کے ممبران اسمبلی بھی ان علاقوں سے حاصل ہونے والی رائلٹی میں سے حصہ دینا چاہیں تو حکومت کو کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ جناب سپیکر، دیکښې زما دا سوال دے چې څنګه د ټوبیکو سیس پیسې واپس شوې دی د یونیورسټی مد نه نو دغه شان د رائلټی هغه کومې پیسې چې کوم دی نو هغه هم د صوبائی اسمبلئ د ممبرانو په خوښه باندې چې نور هزاره کښې او په سوات کښې او په دغه کښې لګی نو دغه د صوابئ پیسې د هم د ممبرانو په خوښه لګی کنه، د هغې وضاحت نه دے کړے، زه منسټر صاحب نه دا وضاحت غواړم جی۔

جناب سپیکر: سلیم خان صاحب، سپلیمنٹری۔

جناب سلیم خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ اسی حوالے سے ایک ضمنی میرا کوئسچن یہی ہے کہ مختلف علاقوں میں جس طرح یہاں پہ سوال میں پوچھا گیا ہے کہ ٹوبیکو سیس کے حوالے سے بھی رائلٹی میں بھی ان ایریاز کو فنڈز دیئے جاتے ہیں، گیس کی رائلٹی میں بھی ان ایریاز کو فنڈز دیئے جاتے ہیں، اس طرح بجلی کی مد

میں جو رائلٹی ہمارے صوبے کو دی جاتی ہے، ان سے ان اضلاع کو دی جائے جہاں پہ پاور ہاؤسز ہیں تو سر! میرا ایک کوئسچن بلکہ یہ ہے جس طرح جعفر شاہ صاحب نے پوچھا ہے کہ جتنے بھی جنگلاتی ایریاز ہیں جہاں پہ رائلٹی کی مد میں جو جنگلات سے حاصل شدہ آمدن جو ہے، وہ اگر ان علاقوں کو دے دی جائے اور وہ سر، اسی ایجوکیشن کے حوالے سے وہ ان علاقوں میں استعمال کریں تاکہ لوگوں کو اس میں فائدہ ہو، تو میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا گورنمنٹ اس میں کوئی ایسی پالیسی بنانے کا ارادہ رکھتی ہے کہ جنگلات کی رائلٹی سے ان علاقوں کو وہ رقم فراہم کی جائے؟

جناب سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر، یہ جیسے رائلٹی کا معاملہ ہے اور یہ وہاں کے متعلقہ ایم پی ایز جو ہیں، وہ ہی فیصلہ کرتے ہیں کہ وہ ایجوکیشن میں دینا چاہتے ہیں یا دیگر ڈیویلپمنٹ کاموں پہ لگانا چاہتے ہیں؟ تو جس علاقے میں بھی اس طرح کی چیزیں ہیں، اگر وہاں کے ایم پی ایز یہ پیسے ایجوکیشن میں یا کسی بھی ایسے سیکٹر میں جس کی Intense need ہے تو ہمیں تو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب، جعفر شاہ صاحب، مفتی صاحب، جعفر شاہ صاحب مؤر دے کنه، خپله خبره د وکړی جی۔

جناب جعفر شاہ: مطمئن ہوں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، Okay ji۔ مفتی صاحب! تاسو څه وئیل؟

مفتی سید جانان: زه جی دا منسټر صاحب کومه، تاسو زړه کښې هم دا خبره ده خو تاسو داسې ځائې کښې ناست یئ څه کولې نشئ جی۔ (قہقہے) گیس رائلټی زما د حلقې ده جی، زما د ضلعې، پرون مې تاسو ته وئیلی وو پچیس کروړ تقریباً د دغې کال او تیرو کالونو د دریې کالونو اوسه پورې پرته ده، مونږ وایو چې دا شے د ورسره وشی، محکمې والا اوسه پورې ایښودې ده، ماسره دې فائل کښې ټول ثبوتونه موجود دی۔ زما به گزارش وی، منسټر صاحب د احکامات جاری کړی یا تاسو جاری کړئ چې دا پیسې کومې دی چې کوم منتخب نمائندگان دی، دا د د هغوی پر مرضئ باندې چې کوم ځایونو کښې هغوی لگوی اودلگوی۔ دا 5% روپئ خو منتخب نمائندگانو ته ورکړئ او 5%

چه کومې روپئ دی، هغه مونږ ته نه راکوی، هغه محکمه په خپلې خوښې باندې لګوی۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! داسې وکړه چې دې باندې ته ما سره یو Proper meeting وکړه چې زه ستا په دې ایشو صحیح پوهه هم شم، بیا چې Concerned چا سره خبره کول وی، هغوی سره به په دې باندې ډسکس کړو دا (تالیاں) Concerned Minister سره۔

مفتی سید جانان: ځه جی هم داسې به وکړو، صحیح ده چې تاسو څنګه وایئ۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر1388، سید جعفر شاہ صاحب۔

* 1388 _ جناب جعفر شاہ: کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں ضلع سوات کے بعض کالجوں کے طلباء کوٹرانسپورٹ کی سہولت مہیا کرنے کیلئے بسوں کی منظوری دی گئی تھی جس میں ڈگری کالج (مردانہ) مدین بھی شامل تھا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ کالجوں کو اب تک بسوں کی فراہمی کیوں نہیں کی گئی نیز حکومت گورنمنٹ ڈگری کالج (مردانہ) مدین کو کب تک بس فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی نہیں، گزشتہ دور حکومت میں ضلع سوات کے بعض کالجوں کے طلباء کوٹرانسپورٹ کی سہولت مہیا کرنے کیلئے بسوں کی منظوری نہیں دی گئی تھی۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ (قہقہہ) (محترمہ نگہت اورکزئی کو اشارہ کرتے ہوئے) یہ کہتی ہیں کہ کچھ وزراء صاحبان سو رہے ہیں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: بالکل ایسے سو رہے ہیں کہ جیسے بالکل گھر سے نیند کر کے ہی نہیں آتے۔ (قہقہے) سر، بعض منسٹر بالکل سوئے ہوئے ہوتے ہیں۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر! اس میں انہوں نے کہا ہے، ٹرانسپورٹ کے حوالے سے میرا سوال تھا اور جہاں تک میرا اناج ہے تو تین کالجز کیلئے پچھلے دور میں ایک ایک بس کی منظوری ہوئی تھی جس میں میرا ڈگری کالج مدین بھی شامل تھا لیکن چونکہ محکمے نے یہاں کہا ہے کہ نہیں ہوئی تھی تو یہ میری سمجھ سے بالاتر

ہے کیونکہ جو مجھے یاد پڑتا ہے تو یہ منظوری ہوچکی تھی۔ Principally Chief Minister at that time, he agreed to provide one bus to each of the three colleges in Swat district اور انہوں نے کہا کہ ایسی کوئی منظوری نہیں دی گئی تھی تو میری منسٹر صاحب سے ریکویسٹ ہوگی کہ یہ ابھی Surety دے دیں کیونکہ وہاں پہ جو مدین کالج ہے تو وہاں پر بحرین اور بہت دور دراز سے لوگ آتے ہیں اور خوازہ خیلہ کے سائڈ سے بھی جاتے ہیں لوگ تو ان کیلئے بس کی بہت اشد ضرورت ہے اور There are six hundred students کہ یہ ابھی ایشورنس دیدیں کہ Next budget میں یہ رکھ لیں ایک بس اس کالج کیلئے تو میں مشکور رہوں گا۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! یہ آنریبل ممبر کے اپنے دور حکومت سے Related question ہے اور جیسے انہوں نے فرمایا کہ تین بسوں کی منظوری ہوئی تھی، ہمارے ڈیپارٹمنٹ کے ریکارڈ میں وہ منظوری کہیں بھی نہیں ہے، ورنہ آپ کو ابھی تک ہم بسیں فراہم کر چکے ہوتے اور آئندہ بجٹ کیلئے ہماری یہ کوشش ہے کہ اگر ہمیں مطلوبہ فنڈز میسر ہوئے تو ان شاءاللہ Top priority پہ آپ کے کالج کو ہم بس ضرور دینگے بشرطیکہ ہمیں اتنے فنڈز مل جائیں جتنی ہماری Requirements ہیں۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: اللہ ان پر رحم فرمائے لیکن یہ مشروط نہ کریں جی، یہ میری ریکویسٹ ہوگی ان سے کہ یہ کہہ دیں، دریادلی کا مظاہرہ کرکے یہ کہہ دیں کہ میں نے منظور کردی مشتاق صاحب۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب۔

جناب جعفر شاہ: دریادلی کا مظاہر کریں جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ابھی ہمارا جو پچھلے سال کا بجٹ ہے، اس پہ بھی کوئی ایک ارب روپے کا کٹ لگ چکا ہے جو ابھی ہم بعد میں بات کرینگے فنانس سے اور باقی جو بھی بزرگ ہیں ہمارے تو اگر ہمیں فنڈز ملتے ہیں مطلوبہ اور یہ صرف آپ ہی کا کالج نہیں بلکہ میری تو یہ خواہش اور کوشش ہے کہ ہمارے صوبے میں جتنے بھی گرلز ڈگری کالجز ہیں، At least ان میں سے ہر ایک کے پاس ٹرانسپورٹ کی سہولت ہونی چاہیئے لیکن

یہ فیصلہ ہم فنڈز کو دیکھ کر ہی کر سکیں گے اس لئے میری یہ بھرپور کوشش ہوگی کہ آپ کے کالج کیلئے ہم کہیں سے ایک بس کیلئے پیسے حاصل کر لیں۔

جناب سپیکر: جی جی۔ سید جعفر شاہ صاحب، 1440۔

جناب جعفر شاہ: گل ماننے والی نہیں ہے، چلو مانتے ہیں، مانتے ہیں جی، مشتاق صاحب نے بات کہی لیکن یہ جو انہوں نے پیسوں میں کٹ کی بات کی تو پیسے تو ویسے بھی Lapse ہو رہے ہیں، 13% Utilization ہے تو کٹ کیوں لگاتے ہیں؟ چلو میں دوسرے سوال کا جواب دیتا ہوں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جواب نہیں، یہ تو سوال کرنا ہے۔

جناب سپیکر: جی 1440۔

جناب جعفر شاہ: ضمنی، 1440 ٹھیک ہے، ٹھیک ہے سر۔

جناب سپیکر: جی۔

* 1440 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر توانائی و برقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں بحرین درال خوڑ پر درال مائیکرو ہائیڈل پراجیکٹ کا افتتاح ہوا تھا اور اب اس پر کام شروع ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پراجیکٹ میں سماجی شعبے کی ترقی کیلئے بحرین کے مقام پر ہسپتال، کالج اور سینی ٹیشن سکیم کی منظوری دی گئی ہے اور اس کیلئے فنڈ بھی مختص کیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ منصوبے پر عملی کام کی موجودہ حیثیت کیا ہے، اگر نہیں تو اس پر کام کا آغاز کب ہوگا اور کب تک پایہ تکمیل کو پہنچے گا؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) یہ تینوں کام منصوبے کا حصہ ہیں اور منصوبے کی تکمیل کے ساتھ ساتھ ان کو بھی مکمل کیا جائے گا۔

ہسپتال: ہسپتال کیلئے زمین خرید لی گئی ہے، تفصیلی ڈیزائن مکمل کیا گیا ہے، اس کو منصوبے کی تکمیل یعنی جون 2015 سے پہلے ان شاء اللہ مکمل کیا جائے گا۔

سینی ٹیشن سکیم: اس سکیم کا بھی کنسلٹنسی کے ماہرین نے تفصیلی مطالعہ مکمل کیا ہے اور اس کو بھی ان شاءاللہ جون 2015 سے پہلے پہلے مکمل کیا جائے گا۔

ڈگری کالج: ڈگری کالج کیلئے جگہ کے تعین پر مقامی لوگوں میں کچھ اختلافات ہیں جن کیلئے پائیڈو نے مقامی انتظامیہ (لوکل ایڈمنسٹریشن) اور بالخصوص معزز رکن اسمبلی جناب سید جعفر شاہ کو ذاتی طور پر اس مسئلے کو حل کرنے کی استدعا کی ہے۔

جناب جعفر شاہ: اس میں سپیکر صاحب! میں بہت مطمئن ہوں اور میں فلور آف دی ہاؤس اس ڈیپارٹمنٹ کو Appreciate بھی کرتا ہوں کہ۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: ماشاءاللہ۔

جناب جعفر شاہ: میں نے خود بھی اس کو چیک کیا ہے کہ وہاں پہ بہت اچھا کام کر رہے ہیں (تالیاں) اور جو انہوں نے ڈیڈلائن دی ہے تو میری ریکویسٹ ہو گی، جو بھی یہاں پہ بیٹھا ہے ڈیپارٹمنٹ کا کہ اس ڈیڈلائن کو وہ دیکھے اور اس ڈیڈلائن تک یہ چیزیں کمپلیٹ ہوں کیونکہ بہت ضرورت ہے۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: جناب سردار حسین بابک صاحب، Lapse ہے اسکا، سردار حسین بابک کا۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: یہ سر ضمنی کرنا چاہتے ہیں اس میں۔

جناب جعفر شاہ: ضمنی اس میں یہ ہے سر! کہ یہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب جعفر شاہ: نہیں یہ On behalf ہے سر۔

Mr. Speaker: On behalf

جناب جعفر شاہ: On behalf۔ یہ سر، بہت Important issue ہے، اس پہ بابک صاحب چونکہ جنازے پہ چلے گئے ہیں ہمارے محترم انوار الحق صاحب کے، اللہ ان کو جنت نصیب فرمائے، شہید ہو چکے ہیں۔ سر، اس میں یہ ہے کہ ان کی وساطت سے بابک صاحب کی طرف سے میں آپ کو ریکویسٹ کرتا ہوں، انہوں نے کہا ہے کہ یہ بہت گھمبیر ایشو ہے اور اس سے پہلے بھی دو تین دفعہ اس ہاؤس میں فورم پہ بات ہوئی

ہے کہ اس کو کوئسچن کو کمیٹی کے حوالے کریں تاکہ اس کو Properly thrash out کریں تو چونکہ وہ نہیں ہیں اور جنازے پر بھی چلے گئے ہیں، ریکویسٹ بھی کی ہے تو میری ریکویسٹ ہو گی ہاؤس سے کہ اس کو کمیٹی کے سپرد کرکے اور اس کو Thrash out کرے کہ کیا مسئلہ ہے، واقعی یہ جگہ اس طرح ہے کہ اتنی لڑائی ایک سال میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یا تو اس طرح کریں کہ اس کو پینڈنگ رکھیں وہ آجائیں خود، تو اس میں، چونکہ اس کے ڈسٹرکٹ کا ایشو ہے نا، اس کو پینڈنگ رکھتے ہیں۔

جناب جعفر شاہ: ٹھیک ہے جی، اس کو پینڈنگ رکھیں۔

جناب سپیکر: پینڈنگ رکھتے ہیں اس کو۔ کوئسچن نمبر 1414، جناب بخت بیدار خان۔

* 1414 _ جناب بخت بیدار: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) لوئر دیر میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ/زنانہ) دونوں کی پوسٹیں موجود ہونے کے باوجود ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مردانہ دونوں پوسٹوں پر کام کر رہے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مردانہ کو دونوں پوسٹوں کا چارج کیوں دیا گیا ہے، وجوہات بتائی جائیں؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) DEO(F) کی آسامی خالی پڑی تھی جس پر Placement committee کے ذریعے DEO(F) کی پوسٹنگ کیلئے موزوں امیدوار کے انتخاب کیلئے انٹرویو ہو چکا ہے اور روزمرہ کے دفتری امور کو چلانے کیلئے عارضی طور پر DEO(M) کو اضافی چارج دیا گیا تھا۔ DEO(F) کی پوسٹ کیلئے موزوں امیدوار کا انتخاب ہو چکا ہے اور عنقریب پوسٹنگ ہو جائے گی۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب، شکریہ۔ سوال نه خو زه مطمئن یم ځکه چې ماته پته لګیدلې ده چې DEO(F) لوئر دیر ته یوؤلس میاشتې پس راغله، دا ډیره لویه مهربانی ده خو لږ منسټر صاحب نه ضمنی یو درخواست کوم چې دا کومه Criteria ده چې هیډ آف دی ډیپارټمنټ د ضلعې به خامخا وی او که نه مطلب دے چې د بلې ضلعې به راځی؟ مخکښې خو دا وه چې د ضلعې هیډ آف

دی ډیپارټمنټ په ضلع کښې نه لګیدو، اوس راته پته نشته چې ستاسو څه Criteria ده؟

جناب سپیکر: عاطف خان، جی عاطف خان۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ښه جی، د دوئ دا مسئله خو حل شوله۔۔۔۔

محترمہ معراج ہمایون خان: سر، زما یو سپلیمنټری سوال دے دیکښې۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری، ہاں جی، سپلیمنٹری پوچھیں۔

محترمہ معراج ہمایون خان: جناب سپیکر، که دا وکړئ جی، دا داسې د وکړی چې زیات تر ضلعو کښې چې دے نو فی میل ډی ای او نشته دے نو چې دا د ګورنمنټ څه پالیسی ده چې زنانه له دغه نه ورکوی، هغه پوسټ نه ورکوی که څه چل دے مردانه پرې کار کوی؟ صرف دا دیر لوئر نه دے، زیاتو دغه کښې دی جی۔

جناب سپیکر: عاطف خان۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: دا میډم چې کومه خبره وکړه، څه ځایونو کښې دا نه چې زیات تر کښې، څه ځایونو فی میل ډی ای او نه وو، د هغې وجه یو دا وه چې DEO basically د 19 ګریډ پوسټ دے، په 19 ګریډ کښې مونږ سره فی میل مینجمنټ کیډر والا Available نه وی، بیا مونږ دا کوشش وکړو چې ټیچنګ کیډر والا مو وکړل، په اخبار کښې مو اشتهار ورکړو خو چونکه دا پوسټ داسې دے چې دې ته زیات تر فی میل دومره دغه نه وی، هغوی وائی چې یره ډیر ګران کار دے یا هر څه وجه چې ده نو هغوی ورته تیاریږی نه، نو د دې وجه نه څه ځایونه خالی وو۔ بیا مونږ مجبوراً میل له چارج ورکړے وو، دا نه چې مونږ ئے لګوؤ نه، که مونږ ته په 19 کښې فی میل ملاویږی، هغه وړومبیPriority ده خو که نه ملاویږی نو مونږ بعضې ځایونو کښې بیا 18 هم اولګوؤ او په بعضې ځایونو کښې میل له چارج ورکړو خو اوس تقریباً زیات تر ځایونوکښې مونږ، یو پراسیس نه تیر شوے دے، Placement committee نه هغه تیر شوے دے او په اخبار کښې مونږ اشتهار هم دې د پاره ورکړے وو چې که څوک Interested وی Even teaching cadre والا هم لګوؤ خو که 19 ګریډ نه وی دا 18 والا لګوؤ۔

دا څه دغه نه دے چې مونږ خامخا میل لګوؤ، صرف دغه لږ پرابلم پکښې دے، د دغې وجې او هغه هم کوشش، دا تقریباً مسئله زیات تر حل شوې ده۔ باقی دا بخت بیدار صاحب یو خبره وکړله، مونږ یوې ضلعې والا دغه نه لګوؤ، زیات تر Mostly چې کوم دی څه ډیره زیاته مجبوری نه وی نو تقریباً صوبه کښې دغه نشته Same ضلعې والا نه لګوؤ که څه ډیره زیاته مجبوری نه وی نو هغه بیله خبره ده خو تقریباً زیات تر چې دی هغه Same ضلعې والا ډی اوز نه لګوؤ۔

جناب سپیکر: جی تاسو مطمئن یئ؟ جی۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب! نو دغه درخواست چې ما ستاسو په تهرو باندې جناب منسټر صاحب ته وکړو، مطلب دا دے چې زمونږ په ضلع کښې زیات چې کوم ډسټرکټ افسران، هغه ټول د خپلې ضلعې لګیدلی دی نو ضروری خبره ده چې هغوی پکښې پسند ناپسند، ښه او بد کوی نو دغه درخواست مې دے بلکه یوائې وزیر تعلیم صاحب ته نه، ټول ډیپارټمنټ ته او خاصکر وزیر تعلیم صاحب ته وایم چې کم از کم مطلب دا دے چې دا ریکویسټ زما منظور کړی چې د بلې ضلعې هر څوک چې راولی نو کم از کم زمونږ لکه مطلب دے دا به نه کیږی۔

جناب سپیکر: عاطف خان۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جی د ډسټرکټ په لیول باندې چې کوم بره پوسټونه دی، هغه خو دوئ ته ما اوویئل که ډیره زیاته مجبوری وی بیله خبره ده خو دې خبرې سره زه اتفاق کوم چې د هغه ډسټرکټ خلق وی خو څه داسې دغه وی چې هغه به خامخا لوکل خو لګوؤ، ټول خلق خو ورته د بهر نه نشو راوستې، څه بره والا پوسټونه چې دی نو هغه مونږ کوشش دا کوؤ چې Outside اولګوؤ او باقی نور زیات تر پوسټونه چې وی نو هغه خو به خامخا لوکل د هغه ډسټرکټ وی، ټول خلق خو ورته د بهر نه نشی راتللې۔

جناب سپیکر: ټهیک ده جی۔

محترمہ معراج ہمایون خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، میڈم۔

محترمه معراج همایون خان: مهربانی سپیکر صاحب۔ زما به بیا هم منسټر صاحب ته ریکویسټ وی چې ماته Complaints خو ډیر راغلی دی د خپل ډسټرکټ نه، صوابۍ نه راغلی دی چې څوارلس څوارلس کاله، دیارلس دیارلس، پینځلس شپاړس کاله په یو پوسټ باندې په ګریډ 18 اوپه ګریډ 17 او په ګریډ 18 پروموشنز نه کیږی، زنانه شته دے او هغه Interestedهم دی د ډی او پوسټ کښې خو پروموشنز انښتی دی چې څه وجه ده هغه نه کیږی؟ نو بیا لږ ریکویسټ به دا وی منسټر صاحب ته چې دې باندې لږ هغه وکړی، وګوری چې څه Reasons دی؟

جناب سپیکر: عاطف خان۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ټهیک ده جی۔

جناب سپیکر: ټهیک ده، Okay۔

جناب اعظم خان درانی: جناب سپیکر صاحب! زه یو ریکویسټ کوم۔

جناب سپیکر: دا کوئسچنز راته جی پاتی دی، بیا هغه ټائم دغه کیږی چا چې کوئسچنز کړی دی، هغه به بیا ضائع کیږی۔ جی درانی صاحب، درانی صاحب۔

جناب اعظم خان درانی: شکریه سپیکر صاحب۔ زمونږ جی ډی او دے، فضل صادق صاحب، هغه جی لوکل دے او پالیسی ده چې لوکل سړے به هغلته نه پاتې کیږی نو هغه جی ټرانسفر شوے وو نو بیا هغلته پاتې شوے دے په سمری باندې، نو هغه کس میرټ لسټ جوړوی نو چې کوم سړے د یو ځائې نه ټرانسفر شی نو دغه پکار دے چې لاړ شی او میرټ لسټ کښې بل سړے راشی او هغه ئے جوړ کړی۔ جناب سپیکر! مونږ ریکویسټ کوؤ چې دا کس د د دې ځائې نه د ټرانسفر شی او نوے سړے د راشی، ماته جی که جواب راکوی نو منسټر صاحب به ئے راکوی۔

جناب سپیکر: زما خیال دے چې ایجنډا باندې مخکښې ځو۔ جناب صالح محمد صاحب، کوئسچن 1510، جناب صالح محمد صاحب۔

جناب اعظم خان درانی: جی زما هغه جواب خو ئے رانکړو؟

جناب سپیکر: جی دغه دے چې ایجنډا مخکښې بوځو جی، ایجنډا مخکښې 1510 او 1511۔ صالح محمد صاحب نشته، دا دواړه به چې دے نو Lapse کړو۔ آمنہ سردار،1415۔

* 1415 _ محترمہ آمنہ سردار: کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے میں ہائرایجوکیشن ریگولیٹری اتھارٹی(HERA)کاادارہ موجود ہے؛

(ب) آیا بھی درست ہے کہ مذکورہ ادارے کے بنانے کا مقصد تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن کرنا ہے؛

(ج) اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ ادارے کے سربراہان کی تعلیمی قابلیت اور تقرری کا طریقہ کار کیا ہے؛

(ii) آیا مذکورہ ادارے کی بجائے رجسٹریشن کا کام یونیورسٹی نہیں کرسکتی، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی(وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) مذکورہ اتھارٹی کے بنانے کا مقصد نجی شعبے کے تمام جامعات،پیشہ ورانہ اور دیگر کالجوں کی رجسٹریشن کے علاوہ انکی کارکردگی کا جائزہ لینااورانہیں سدھارنا ہے۔

(ج) (i) چونکہ چیئرمین ہائر ایجوکیشن ریگولیٹری اتھارٹی(HERA)کی آسامی ایک شیڈولڈ آسامی (Schedules post) ہے جو ڈی ایم جی/صوبائی مینجمنٹ سروس اور پی سی ایس(سیکرٹیریٹ/ایگزیکٹیو گروپ)کے حاضر سروس گریڈ20 افسران کی تقرری کیلئے مختص ہے، لہذاچیئرمین(HERA)کی آسامی پر تقرری بذریعہ تبادلہ(Transfer) ہوتی ہے۔

(ii) کسی سرکاری یونیورسٹی کا کام نجی تعلیمی اداروں کا اپنے ساتھ الحاق کرنا،ان کے طلباء کا امتحان لینااور بعد ازاں ان کامیاب طلباء کواسناد فراہم کرنا ہے۔ لہذا کوئی سرکاری یونیورسٹی کسی نجی یونیورسٹی یا پیشہ ورانہ ودیگر کالجوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور اسے سدھارنے کا مجاز نہیں ہے جبکہ نجی تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن،ان کی کارکردگی کا جائزہ لینا، اسے شفاف بنانے کا کام ہائر ایجوکیشن ریگولیٹری اتھارٹی (HERA) کے دائرہ اختیار میں ہے، لہذا یونیورسٹی اور ہائرایجوکیشن ریگولیٹری اتھارٹی کے دائرہ اختیار میں ہے اور ہائرایجوکیشن ریگولیٹری اتھارٹی کو تفویض شدہ کام یونیورسٹی نہیں کرسکتی۔

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر صاحب! میں نے ایک سوال کیا تھا کہ ہائرایجوکیشن (HERA) کے بارے میں "کہ ادارے کے سربراہان کی تعلیمی قابلیت اور تقرری کا طریقہ کار کیا ہے؟" اس میں انہوں نے جواب دیا ہے کہ چیئرمین ہائرایجوکیشن ریگولیٹری اتھارٹی کی آسامی ایک شیڈول آسامی ہے جو ڈی ایم جی صوبائی مینجمنٹ سروس اور پی سی ایس کے حاضر سروس گریڈ 20 افسران کی تقرری کیلئے مختص ہے۔ میں جناب سپیکر! یہ پوچھنا چاہونگی، تقریباً دوسال پہلے یہاں پر ایک ریٹائرڈ کرنل صاحب اس سیٹ پر تھے تو وہ کس حیثیت سے تھے؟ ایک تو میرا یہ سوال ہے کہ وہ تو گریڈ 20 کے اس میں نہیں آتے ہیں۔ دوسری بات جی یہ ہے کہ ہائرایجوکیشن جو ہے، جب میں نے اس کا پوچھا کہ مجھے اس کی تفصیل فراہم کی جائے کہ یہ رجسٹریشن کا کام کرتی ہے، یونیورسٹیز کی اور یہ جو HERA ہے، یہ جو اتنی Heavy registration fee لیتی ہے، ایک تو اس کا اکاؤنٹ کہاں ہے اور اس کی آڈٹ کون کرتا ہے؟ یہ ایک اس کے ساتھ میرا ضمنی سوال ہے جی۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب، مشتاق غنی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! ہماری حکومت جب سے وجود میں آئی ہے، ہم ہر شعبے میں میرٹ کو Ensure کرتے ہیں اور کسی قسم کی Irregularity ہم نہیں ہونے دیتے۔ میری بہن نے دوسال پہلے کی بات کی تو اس کا جواب تو بابک صاحب دیں یا کوئی اور صاحب دیں جو اس وقت تھے لیکن ہمارے ٹائم میں ایسی کوئی Irregularity نہیں ہو گی۔ چونکہ یہ شیڈولڈ پوسٹ ہے اور گریڈ 20 کی ہے اور ٹرانسفر کے ساتھ ہی اس کو Fill up کیا جاسکتا ہے اور اب بھی جو بندہ ہم نے لگایا ہوا ہے، وہ اسی گریڈ کا ہے اور اسی کیڈر کے اندر سے لیا گیا ہے۔ نمبر 2 جو انہوں نے HERA کی بات کی کہ یہ ایک ریگولیٹری اتھارٹی ہے جو ایکٹ کے تحت قائم ہوئی ہے اور اس کا کام پرائیویٹ جو بھی یونیورسٹیز یا کالجز کی Affiliation ہوتی ہے، یونیورسٹیز کے ساتھ یا دیگر اداروں کے ساتھ تو یہ ریگولیٹری اتھارٹی اس کی انسپکشن Conduct کرتی ہے، اس کا انفراسٹرکچر Examine کرتی ہے اور ساری چیزیں، Physical facilities دیکھنے کے بعد یہ متعلقہ یونیورسٹی کو اس کی Affiliation کیلئے Recommend کرتی ہے۔ اب سوال رہا ان کی فیسوں کا تو انہی سے یہ فیس لیتی ہے جو خود بھی لوگوں سے فیس لیتی ہیں، وہ پرائیویٹ تعلیمی ادارے ہوتے ہیں او یہ

ہمارا جو ہائر ایجو کیشن ریگولیٹری اتھارٹی ہے، یہ ایک Autonomous type body ہم نے بنائی ہوئی ہے، اس کے پاس کوئی اپنے فنڈز نہیں ہیں اور جو بھی ہے، یہ اسی رجسٹریشن کی مد میں یعنی ان کو گورنمنٹ کی طرف سے کوئی چیز نہیں ملتی وہیں سے، یہ اپنے فنڈز Generate کرتی ہے اور وہ کوئی اتنی زیادہ اماؤنٹ بھی نہیں ہے اور اس کا یہی کام ہے کہ یہ تعلیمی اداروں کی کارکردگی کو بھی سال کے مختلف حصوں میں صرف Affiliation کروانا ہی اس کا کام نہیں ہے، اس کے بعد بھی ان کی کارکردگی کو بھی جانچنا جو ہے، اسی ادارے کی ذمہ داری ہے۔

جناب سپیکر: جی میڈم! یہ کھول لیں، آمنہ سردار۔

محترمہ آمنہ سردار: جی بہت شکریہ، جناب سپیکر! شکریہ۔ آپ کے توسط سے منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہونگی، انہوں نے بہت اچھے طریقے سے اس کو بیان کیا لیکن تھوڑی سی میں اس پہ وضاحت کہ تھوڑا سا جو ہمارا واسطہ پڑتا ہے یا جن لوگوں نے ہمیں معلومات فراہم کی ہیں، اس سے یہ ہوتا ہے کہ HERA کے ادارے کے جو لوگ ہیں، یہ Visit کرتے ہیں، کسی ادارے کو Affiliate کرنے کیلئے ان کی فیس ہوتی ہے، لگ بھگ ڈیڑھ لاکھ، پونے دو لاکھ کے قریب اور اس کے بعد جو Concerned University ہوتی ہے، جیسے اگر ہمارے علاقے کی میں بات کرونگی تو ہمارے علاقے کے جو انسٹی ٹیوٹس ہیں، وہ ہزارہ یونیورسٹی کے ساتھ Affiliate ہوتے ہیں۔ ہزارہ یونیورسٹی پھر اس کو آکر اس کی انسپکشن کرتی ہے، وہ پھر رجسٹریشن فیس لیتی ہے، اس کے بعد وہ اس کو رجسٹر کرتی ہے اور HERA کی رجسٹریشن کے بعد کوئی تعلق انسٹی ٹیوٹس کے ساتھ نہیں رہتا اور جو ان کے لوگ جاتے ہیں، ان کو باقاعدہ ٹی اے/ڈی اے کا کہا جاتا ہے جی، وہ کس حساب میں وہ لیتے ہیں کہ ٹی اے/ڈی اے باقاعدہ ان کو دیا جاتا ہے، انسٹی ٹیوٹس دیتے ہیں کہ جو ان کے ممبرز آتے ہیں، چیئرمین جو بھی جاتا ہے وزٹ کیلئے Affiliation کے ان کی انسپکشن کیلئے ان کو باقاعدہ ٹی اے/ڈی ایز دیئے جاتے ہیں، یہ کس مد میں، یہ کس اصول کے تحت ہوتا ہے اور دوبارہ ریگولیٹری اتھارٹی جو HERA ہے، اس نے کبھی کچھ نہیں کیا، اس کی صرف رجسٹریشن کرتی ہے، اس کے بعد وہ بھول جاتی ہے، تو اس پہ روشنی ڈالیئے گا۔

جناب سپیکر: جی مشتاق صاحب، ٹائم تھوڑا وہ کریں گے کیونکہ کوئسچن رہتے ہیں پھر۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! ہم نے اپنے اس ٹائم میں HERA کو ہم Strengthen کرنے کی کوشش کی، ہم نے اس کے باقی ممبرز بھی پورے کئے ہیں، پہلے کی طرح یہ اب لولی لنگڑی HERA نہیں ہے اور اس کے ذمے ہم نے یہ کام سونپا اس کو اور اس سال کے اندر بہت زیادہ انہوں نے تعلیمی اداروں کی انسپکشنز بھی کی ہیں، ان کے اندر جو کوئی انہیں ایسی چیزیں نظر آئیں، وہ رپورٹ بھی کر رہی ہے اور ان کو ٹھیک کرنے کی کوشش کر رہی ہے، ایسا نہیں کہ پرائیویٹ تعلیمی ادارہ ایک دفعہ رجسٹریشن حاصل کرلے اور اس کو شتر بے مہار کی طرح چھوڑ دیا جائے بلکہ یہ اس کے اوپر ایک چیک ہے اور اس کو ہم Ensure کریں گے کہ یہ Regularly اپنی انسپکشنز جو ہیں، They should conduct، پورے سال کے اندر یہ کرتے رہیں گے۔ باقی جو انہوں نے یونیورسٹی کی بات کی ہے، یونیورسٹی ایک الگ سسٹم کے تحت، اپنے ایکٹ کے تحت اپنی سنڈیکیٹ کی انسٹرکشنز کے تحت چلتی ہے اور یہ ادارہ ایک الگ ادارہ ہے جو Basically ان کے بنیادی ضروریات کو جانچتا ہے اور پھر Recommend کرتا ہے To any concerned university. Then University itself constitutes a team جو جا کے HERA کی Recommendations کو دیکھتی ہے کہ کیا یہ ادارہ واقعی اس قابل ہے کہ اس کو ہم گریجویشن یا پوسٹ گریجویشن کیلئے اپنے ساتھ Affiliate کریں؟ اور وہ اسلئے اپنا جو ان کی فیس کا ایک طریقہ کار ہے، وہ انہوں نے ضرور رکھا ہوا ہے اور یہ اس طرح سے جیسے میری بہن نے کہا Double fee ہو جاتی ہے ہر ادارے کے اوپر، پہلے ان کو HERA انسپکشن کیلئے اور پھر اس کے بعد یونیورسٹی جو بھی Concerned ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ آپ کے ساتھ مل بھی لیں، اگر کوئی ایشوز ہیں تو آپ اس کو Address کر لیں۔ ٹھیک ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: اگر آپ مطمئن ہیں تو ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: مطلب اس حوالے سے آپ میٹنگ بھی کر لیں تاکہ جو بھی ایشوز ہوں تو وہ، چلیں۔

محترمہ آمنہ سردار: جی جناب سپیکر صاحب! اصل مسئلہ، ایشو یہ ہے کہ جو ان کے لوگ آتے ہیں، ان کو ڈرافٹ یا چیک کی صورت میں کیوں نہیں وہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرا مطلب یہ ہے کہ میں نے اس کو کہ آپ میٹنگ کرلیں، جو بھی ممکن ہے، آپ وہ کرلیں گے۔

محترمہ آمنہ سردار: سر، میں آپ کے اس فلور پہ صرف ایک Recommendation دینا چاہونگی کہ اگر ہم گریڈ 20 کی جگہ کوئی سینیئر پروفیسر یا پی ایچ ڈی یا ایک کوالیفائیڈ بندہ جو یونیورسٹی سے ہی Relevant ہو، اسی کو اگر ہم چیئرمین بنائیں تو میرا خیال ہے وہ زیادہ Better ہوگا۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: چلو ٹھیک ہے۔ کوئسچن نمبر 1472، سلیم خان صاحب۔

* 1472 _ جناب سلیم خان: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم ہر سال سکولوں کو مرمت کیلئے فنڈ فراہم کرتا ہے جو کہ Parents Teachers Council (PTC) کے ذریعے خرچ کیا جاتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ تین سالوں میں ضلع چترال کے کن کن سکولوں کو کتنا کتنا فنڈ فراہم کیا گیا ہے، نیز چترال کی PTC کے چیئرمینوں کے نام اور خرچ شدہ رقم کی تفصیل ایئر وائز فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) گزشتہ تین سالوں میں سکولوں کو فراہم کردہ فنڈز اور PTC کے چیئرمینوں کے ناموں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

جناب سلیم خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں نے جو سوال پوچھا ہے، وہ یہ ہے کہ Parents Teacher Council کے تحت تمام صوبے میں سکولوں کو مرمت کیلئے فنڈز ملتے ہیں، اس میں صرف اپنے ضلع کیلئے میں نے سوال کیا تھا اور مجھے تین سال کی ڈیٹیل دی گئی ہے۔ سر! یہ فنڈ جو ہے، یہ کروڑوں کے حساب سے ہے اور سر! میں اکثر سکولوں کا وزٹ کرتا ہوں، وہاں پہ یہ جو فنڈ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ جب دیتا ہے تو ان کی کوئی Properly monitoring نہیں ہوتی اور میں سر! ایک سکول میں گیا، پھر پوچھا میں نے ہیڈ مسٹریس سے کہ جی، آپ کے سکول کو کوئی فنڈ ملا ہے پی ٹی سی میں؟ تو انہوں نے کہا جی ہاں، تو پھر میں نے پوچھا کہ یہ آپ نے کیا کیا ہے؟ تو صرف چونا کرتے ہیں، جو Major کام ہوتے ہیں جہاں پہ

ٹائیلٹس ہوتے ہیں، جہاں پہ باؤنڈری وال نہیں ہے، جہاں پہ Major کام ہوتے ہیں وہ Touch نہیں کرتے ہیں۔ سر، ایک تو میں منسٹر صاحب سے پوچھونگا کہ اس کا جو طریقہ کار ہے، یہ Parent Teacher Counsel کا، اس کو بنانے میں کیا طریقہ کار اپنایا جاتا ہے؟ کیونکہ اکثر ہم جب پوچھتے ہیں تو چھ سات سالوں سے ایک ہی چیئرمین چلا آرہا ہے اور وہ اس طرح کرتے ہیں کہ چیئرمین صاحبان سے یہ ہیڈ مسٹریس یا ہیڈ ماسٹر صاحبان ملے ہوتے ہیں، ان کو کچھ پیسے پکڑاتے ہیں، وہ چیک سائن، وہ جو Joint signatures ہوتے ہیں وہ کر لیتے ہیں اور صرف چونا کر کے، اور کوئی کام نہیں کرتے، یہ کروڑوں کا فنڈ ہے سر، اس کی Properly utilization نہیں ہے۔ Secondly Sir! اس میں چیئرمین کا انتخاب جو ہے، اس کیلئے بھی میری تجویز یہ ہے کہ کم از کم دو سال کیلئے ہونا چاہیئے اور ایک بندہ ایک دفعہ چیئرمین بنے پھر اس کو دوبارہ سے چیئرمین نہیں بنایا جائے اور Secondly اس میں جو Parents ہیں، ان سے کم از کم پوچھ کے چیئرمین وغیرہ کمیٹی کا وہ بنانا چاہیئے تو اس سے میرا خیال یہی ہے کہ Transparency آجائے گی، جو فنڈ ہم سکولوں کیلئے دے دیتے ہیں، وہ صحیح لگے گا، اس کی باقاعدہ مانیٹرنگ ہم نہیں کرینگے تو یہ Properly یہ فنڈز جو ہیں کروڑوں کے حساب سے بلکہ پورے صوبے میں یہ اربوں کے حساب سے ہیں تو یہ پھر ضائع جائیں گے۔

جناب سپیکر: عاطف خان۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ایک تو میں ان کو یہ کلیئر کر دیتا ہوں، مطلب دو تین مختلف پوائنٹس ہیں ان کے، طریقہ کار ہے اس کا، وہ تو انہوں نے جیسے کہا Parents Teachers Committee نام سے پتہ چل جاتا ہے کہ Parents Teachers اور اس کا جو ہیڈ ماسٹر ہوتا ہے، پرنسپل ہوتا ہے، وہ اس کا ممبر ہوتا ہے، Parents ہوتے ہیں، علاقے کے ایک دو لوگ ہوتے ہیں، وہ Theory wise تو ٹھیک ہیں تو ایک تو اگر ان کو کہیں پہ شکایت ہے کہ جی یہاں پہ کوئی Miss appropriation ہو رہی ہے فنڈز کی، اور ان کو کوئی شکایت ہے، یہ مجھے بتائیں اس کے خلاف ایکشن لیا جائے گا، وہ جو بھی ہے، جتنے بھی ہیں، آپ مجھے بتائیں، آپ مجھے نوٹ کروائیں کہ یہاں یہاں فنڈز کی صحیح وہ نہیں ہو رہی یا آپ کو شکایت ہے، اس میں ان کے خلاف کارروائی ہوگی۔ دوسری بات یہ ہے کہ جو بڑے کام ہیں، یہ میں کلیئر کر دیتا ہوں کہ یہ ٹوٹل ملتے

ہیں سات ہزار روپے ایک کمرے میں، اس میں سے دو ہزار روپے جو ہیں، یہ اس کو بولتے ہیں Classroom consumable، سال کے دو ہزار روپے Classroom consumable جس میں چاک یا مطلب اس طرح کی چیز، مطلب دو ہزار روپے میں اور کیا آئے گا؟ تو یہی ہوتا ہے اور اس کے علاوہ پانچ ہزار روپے Per room، جتنے کمرے ہوتے ہیں سکول میں، دو کمرے ہیں تو پانچ ہزار روپیہ Per room ان کو وہ ملے گا اور اگر دو ہزار روپے Class consumable کیلئے ملتے ہیں تو ٹوٹل سات ہزار روپے ملتے ہیں، تو اب اگر ان سے ہم یہ Expect کریں کہ جی پانچ ہزار روپے سالانہ میں وہ کوئی بڑا کام کریں، کوئی باؤنڈری وال بنائیں یا کوئی کمرہ بنائیں یا کوئی باتھ روم بنائیں تو یہ تو مطلب ناجائز ہے، مطلب وہ تو نہیں کر سکتے۔ یہ دو ہزار روپے ایک اور پانچ ہزار روپے دوسرا، یہ معمولی معمولی سی، Petty، معمولی Repair ہو گئی، تار ہو گئی، مطلب ظاہری بات ہے سال میں دو ہزار روپے سے یا پانچ ہزار روپے سے کتنا کام ہو گا؟ تو وہ ایک میں کلیئر کرنا چاہتا ہوں اور دوسری بات یہ ہے کہ اگر ان کو کہیں پہ شکایت ہے کہ جی یہاں پہ فنڈ کی Utilization صحیح نہیں ہو رہی تو یہ مجھے اس کی نشاندہی کریں، ان کے خلاف کارروائی کی جائیگی۔

جناب سپیکر: جی سلیم خان صاحب۔

جناب سلیم خان: منسٹر صاحب نے جو جواب دیا ہے، پانچ ہزار اور سات ہزار روپے ملتے ہیں، یہ نہیں ہے سر، آپ اگر اس لسٹ کو دیکھیں، اس میں ایک سکول ہے، "جی جی ایچ ایس مری لشت" چترال میں، اس کو سالانہ دو لاکھ 41 ہزار روپے Regularly ملتے رہے ہیں تو یہ 11-2010 میں ملے ہیں، پھر وہی فنڈز 12-2011 میں ملے، پھر 13-12 میں Same وہی فنڈز، اس میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اس طرح اس کے ساتھ دوسرا اسکول ہے، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول گرم چشمہ، اس کو ایک لاکھ 28 ہزار ملے ہیں، حالانکہ دونوں ہائر سیکنڈری سکول ہیں اور اس میں دو لاکھ 41 ہزار میں کافی کام ہو سکتا ہے اور اس میں اس کا جو طریقہ کار ہے، یہ آپ بتا رہے ہیں تو مجھے سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ دو لاکھ 41 ہزار میں میں سمجھتا ہوں کہ کافی کام ہو سکتا ہے۔ اس طرح یہ مڈل سکولوں کیلئے اور نیچے جب پرائمری میں آ جاتا ہے تو اس میں پھر آپ والی بات ہے کہ سات ہزار Per classroom، وہ پھر اس میں Definitely چونائی پر، جہاں پر زیادہ اماؤنٹ

Involve ہے، وہاں پہ آپ کالج بنا سکتے ہیں۔ دو لاکھ 41 ہزار میں وہاں پہ آپ باؤنڈری وال بنا سکتے ہیں، کوئی ایک پورشن بنا سکتے ہیں اور اگر کہیں واٹر سپلائی سکیم کا مسئلہ ہے تو وہ بھی آپ کر سکتے ہیں مگر یہ صاحبان یہ کام نہیں کرتے، یہ صرف چونائی کرتے ہیں جو کہ پانچ دس ہزار میں ختم ہو جاتی ہے اور پھر فنڈ کو کاغذوں میں اور بل میں وہ کمپلیٹ کرتے ہیں اور وہ سارا کچھ ختم کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: جی عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جی سپیکر صاحب! میں دوبارہ یہ کہوں گا کہ ان کو جہاں پہ شکایت ہے، میں نے تو 'جنرلی' پورا اس کا بتایا ہے کہ جی پورے 'اوور آل' جتنے سکول ہیں، اس میں یہ ہوتا ہے، بہت کم سکولوں میں فنڈز کے مطابق یا ان سے Requirements لیکر جو زیادہ فنڈ ہے، یہ مجھے ان کی نشاندہی کریں کہ جی کہیں پہ اگر ان کو وہ لگ رہا ہے کہ جی فنڈ میں کوئی خرد برد ہوئی ہے یا کوئی کسی سال خرچ نہیں ہوا۔

جناب سپیکر: وہ آپ کے ساتھ بیٹھ جائے گا۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: تو مجھے بتاد، وان کے خلاف ان شاءاللہ تعالیٰ جو بھی کارروائی ہو گی، وہ کریں گے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ اچھا، آپ کا 'نیکسٹ' کوئسچن ہے 1473۔

* 1473 _ جناب سلیم خان: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع چترال میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری، ہائی، مڈل اور پرائمری سکولز (مردانہ/زنانہ) میں اساتذہ کی آسامیاں خالی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع چترال کے تمام سکولوں میں کتنی آسامیاں کب سے خالی ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم): (الف) چونکہ ضلع چترال میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول (زنانہ) موجود نہیں ہے اور گورنمنٹ ہائی، مڈل اور پرائمری زنانہ سکولوں میں 2010 سے کل 87 پوسٹیں خالی ہیں جبکہ مردانہ سکولوں میں 165 ضلعی کیڈر اور 21 ہیڈ ماسٹرز/پرنسپلز کی پوسٹیں

جبکہ 9 پوسٹیں ماہر مضمون، دو پوسٹیں آئی ٹی ٹیچرز اور 6 پوسٹیں لائبریرین/ڈی پی ای 2012 سے خالی ہیں۔ ضلعی کیڈر کی آسامیوں کو این ٹی ایس کے ذریعے کامیاب امیدواروں سے پر کیا جارہا ہے جبکہ ہیڈ ماسٹر بی ایس 17 کی سفارشات پبلک سروس کمیشن سے آچکی ہیں اور گریڈ 18، 19 کی پی ایس بی بھی آچکی ہے اور عنقریب ان پر بھی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔

جناب سلیم خان: سر! یہ پوسٹوں کے حوالے سے میں نے پوچھا تھا کہ چترال کے مختلف سکولوں میں ابھی تک کتنی Vacancies خالی ہیں؟ اور مجھے پوری ڈیٹیل دی گئی۔ اس میں تقریباً 290 پوسٹیں مختلف کیڈر کی، وہ خالی ہیں، سر! یہ کہ ابھی تک ان کے اوپر کوئی پوسٹنگ نہیں ہوئی ہے اور Secondly خاصکر پی ایس ٹی جو پوسٹیں ہیں، یہ ابھی ایک سسٹم کے تحت این ٹی ایس کے ذریعے ہوتی ہیں سر، اس میں خاصکر جو پرائمری سکولز ہیں، سب جگہ یہ مسئلہ پیدا ہوا ہے کہ ان ٹیچرز کو، پی ٹی سی ٹیچرز کو سکیلز دیئے گئے، 12 سے، 14 سے 15 تو اس میں Mostly سکولوں میں ایک تو گورنمنٹ کی پالیسی یہی ہے کہ پرائمری ٹیچر جو ہے، وہ اسی علاقے کا لوکل ہو، اس یونین کونسل کا، پھر وہاں سے ہی وہ ریٹائر ہو۔ اس میں سر، مسئلہ یہ ہے کہ جب ایک بندے کو Promote کر کے 14 میں لے جاتے ہیں یا 15 میں تو پھر اس کو بہت دور یعنی کہ ہمارے علاقوں میں اس طرح ہے کہ سو کلو میٹر دور، پچاس کلو میٹر دور ان کو بھیجا گیا ہے اور میرے خیال میں پرائمری سکول میں وہی پی ٹی سی اگر کسی کو 14 ملا ہے، کسی کو 12 ملا ہے، ایک Suggestion یہی ہے کہ انہی کو نزدیک ہی سکولوں میں اگر رکھا جائے تو ایک تو ٹیچر کا پرابلم حل ہو جائے گا اور Secondly سکول جو ہیں وہ آباد رہیں گے۔ تو یہ ایک Suggestion ہے میری اور Secondly جو پوسٹیں آپ نے Vacant show کی ہیں، یہ کب تک آپ Fill کریں گے؟

جناب سپیکر: جی عاطف خان۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جی ڈیٹیل تو ان کو بتا دی ہے جو انہوں نے مانگی تھی پوسٹوں کے حوالے سے، اس میں کچھ پوسٹیں ایسی ہیں کہ جو پبلک سروس کمیشن کے اس میں آتی ہیں تو وہ تو ہم اپنی طرف سے مطلب ان کو لکھتے بھی ہیں لیکن بہر حال وہ تو ہمارے دائرہ اختیار میں نہیں آتا، پبلک سروس کمیشن کا تو اپنا سسٹم ہے، ان کو بتا دیا ہے کہ جی این ٹی ایس کے ذریعے کچھ Fill بھی کر دی گئی ہیں اور کچھ مزید جو رہتی ہیں

وہ بھی ان شاءاللہ تعالیٰ، جیسے میں نے پہلے بھی ذکر کیا تھا، کوئی آٹھ ہزار کے قریب پوسٹیں Fill ہو گئی ہیں، کوئی چھ ہزار کے قریب رہتی ہیں، وہ بھی مہینے میں یا دو مہینے میں اس کا پراسیس شروع ہو جائے گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ یہ گرمیوں کی چھٹیوں میں جو خالی پوسٹیں ہیں، وہ ان شاءاللہ تعالیٰ Fill ہو جائیگی۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔جی سلیم خان صاحب۔

جناب سلیم خان: اس میں کوئی آپ اس کو Revise کرنا چاہتے ہیں کہ نہیں؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: سمجھ میں نہیں آیا، Sorry۔

جناب سلیم خان: پی ایس ٹی ٹیچر کیلئے جو پالیسی Last Government میں بنائی گئی تھی کہ ایک سکول میں ایک 12 رہے گا ایک 15 یا ایک سکول میں دو 15 نہیں رہیں گے، ایک سکول میں دو 14 سکیل کے نہیں رہیں گے تو اس میں آپ کوئی امنڈمنٹ لا کے اس کو کوئی ٹیچرز کیلئے سکولوں میں آباد کرنے کا کوئی پروگرام بنایا گیا ہے کہ یہی کوئی 15 کا یا 14 کا جو سلسلہ ہے اس کو ختم کر کے؟

جناب سپیکر: جی۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ٹھیک ہے، اس کو بھی دیکھ لیتے ہیں، جو ان کی Suggestion ہے وہ بھی دیکھ لیتے ہیں اور ہم تو مزید ابھی جو کر رہے ہیں ریکروٹمنٹس، وہ تو سارے School based ہم کر رہے ہیں اور اسی وجہ سے کر رہے ہیں کہ لوگوں کو دور دور علاقوں تک جانا نہ پڑے اور ان کو ڈیوٹی میں مسئلہ نہ ہو، تو اسی وجہ سے School based recruitment کر رہے ہیں اور آپ کی Suggestion کو ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ڈسکس کر لیتے ہیں، ان شاءاللہ تعالیٰ اگر Feasible ہوا تو کر لیں گے۔

جناب سپیکر: یومنټ، تاسو ټولو ته ریکویسټ دے چې تاسو هاؤس لږ آرډر کښې کړئ چې کم از کم کارروائی چې شوک خبره کوی چې بل پرې پوهیږی هم، لږ دا مهربانی به وی۔۔۔۔

جناب گوہر نواز خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی جی، گوهرزمان صاحب۔

جناب گوہر نواز خان: شکریہ جناب سپیکر۔ میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: مشتاق صاحب۔۔۔۔

جناب گوہر نواز خان: میں سلیم خان صاحب کی بات کو تھوڑا آگے لے جاؤں گا۔

جناب سپیکر: یہ آپ بعد میں کرلیں گے مشتاق صاحب، پلیز۔

جناب گوہر نواز خان: اور منسٹر صاحب سے میری یہ گزارش ہے اس معاملے جو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس لئے اس کو موقع ملا ہے کہ پہلی دفعہ بول رہا ہے، میں نے کہا جیسے بھی بولیں، بس بولیں۔

(تالیاں)

جناب گوہر نواز خان: شکریہ جناب سپیکر۔ میں یہ کہنا چاہوں گا سر! کہ جو گریڈ پندرہ اور بارہ اور چودہ والا گریڈ کا جو سلسلہ آج کل چلا ہوا ہے، یہ ایک سلیم خان صاحب کے ضلع کی بات نہیں پورے صوبے کا مسئلہ ہے، ہر وہ نمائندہ جو اپنے علاقے سے ہے، اس کو پریشانی ہے اپنے علاقے کے اساتذہ کے حوالے سے کہ ایک سکول میں جو ہے، میرے خیال میں کسی ٹیچر کو سکیل پندرہ نہیں دیا گیا بلکہ ایک سکول کو سکیل پندرہ دیا گیا ہے کیونکہ ہر سکول میں ایک ہی ٹیچر پندرہ گریڈ کا ہے اور اس میں بہت سارا پرابلم ہو گیا ہے۔ اب اگر آپ ایک ٹیچر کو یہاں سے Tenure کی بنیاد پہ جو سینیئر ہے، اس کو چھوڑیں گے اور جونیئر کو اٹھا کے بھیجیں گے لیکن بہت سی جگہوں پر پسند اور ناپسند کی بنیاد پر پندرہ والا اپنی مرضی سے، سینیئر اور جونیئر کو انہوں نے نہیں دیکھا، اپنی پسند اور ناپسند کی بنیاد پر ان کو ٹرانسفر کیا گیا ہے اور یہ بہت سارا ہمارے لئے پرابلم بن گیا ہے تو اس پر میں یہ چاہوں گا کہ یہ سلسلہ ختم ہونا چاہیئے، جو پندرہ کے ہیں یا جتنے بھی ٹیچرز ہیں جو اس سکول میں ہیں، ان میں سینیئر کو ہیڈ ماسٹر کر دیا جائے، باقی کو وہیں پر چھوڑ دیا جائے، ان کے ساتھ یہ مسئلہ ختم ہو جائے۔ تھینک یو، بہت شکریہ جی۔

جناب سپیکر: جی عاطف خان۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: یہ میں نے پہلے بھی اس کا ذکر کیا کہ اس کو ڈیپارٹمنٹ میں ڈسکس کر لیتے ہیں، اگر یہ Feasible ہوا، پریکٹیکل ہوا تو اچھی بات ہے۔ مطلب ہمیں کوئی یہ شوق نہیں کہ لوگوں کو گھروں سے دور بھیجیں، جتنا گھروں کے قریب ہوں گے اتنا اچھے ٹائم پہ آئیں گے، ڈیوٹی اچھے طریقے سے کریں گے۔ تو اس کو ڈسکس کر لیتے ہیں، Feasible ہوا تو ضرور کر لیں گے، ان شاءاللہ جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی.جی۔1474ہو گیا، سلیم خان! آپ کے دونوں کوئسچنز۔

جناب سلیم خان: 1474ہے، سر۔

جناب سپیکر: جی.جی، سلیم خان۔

* 1474 _ جناب سلیم خان: کیاوزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ارشادفرمائیں گے کہ :

(الف) سال 2005میں صوبے کے مختلف ہائر سیکنڈری سکولوں میں آئی ٹی ٹیچرز کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا گیا تھا؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال2010ءمیں ان کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کر دیا گیا تھا؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان ملازمین میں کئی ابھی تک کنٹریکٹ کی بنیاد پر کام کر رہے ہیں؛

(د) اگر (الف) تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت ان ملازمین کو جو کنٹریکٹ کی بنیاد پر کام کر رہے ہیں، کب تک مستقل کرنے کاارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف): جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی ہاں۔

(د) آئی ٹی ٹیچرز کیلئے تعلیمی قابلیت بی ایس سی کمپیوٹر سائنس/آئی ٹی گریجویشن بمعہ بی ایڈ ہے۔ ریگولرائزیشن ایکٹ 2009ء کے تحت آئی ٹی کے 9ٹیچرز مستقل ہوئے ہیں، جو اساتذہ بی ایڈ کے بغیر ہیں ان کے پاس بنیادی قابلیت نہ ہونے کی بنیاد پر Terminate کیا گیا تھا لیکن ان اساتذہ نے عدالت سے Stay لیا ہوا ہے اور ان کا کیس ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے۔

جناب سلیم خان: سر، اس میں جو ڈیپارٹمنٹ نے جواب دیا ہے آئی ٹی ٹیچر کے حوالے سے، سر! یہ اس طرح تھا کہ یہ تقریباً پورے صوبے میں آئی ٹی ٹیچرز کی بھرتی کی گئی 2005 میں کنٹریکٹ کی Basis پہ اور اس میں جو جواب آیا ہے میرے پاس، یعنی 2009 میں جب ہماری گورنمنٹ میں ریگولرائزیشن بل جب پاس ہوا تھا تو سارے جو کنٹریکٹ ایمپلائیز تھے، وہ سب ریگولر ہو گئے۔ سر، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے آئی ٹی ٹیچرز ایسے تھے جن میں سے 9 کو اٹھا کے ان کو Permanent کیا گیا، باقی جو لوگ ہیں، ان کو

Terminate کیا گیا۔ سر، جب یہ ایڈورٹائزمنٹ آیا، جب اپوائنٹمنٹس ہو رہی تھیں تو اخبار میں کسی بی ایڈ کی کوئی شرط نہیں رکھی گئی تھی، ذکر ہی نہیں تھا، صرف آئی ٹی گریجویٹ یعنی جو آئی ٹی میں گریجویٹ تھے، ان کا ذکر تھا اور اسی کی Basis پہ ان کی تقرریاں ہوئی تھیں اور بعد میں پتہ نہیں کس Basis پہ ان کو Terminate کیا گیا اور یہ لوگ عدالت بھی چلے گئے، ابھی تک ان کا کیس جو ہے عدالت میں ہے اور یہ اپنی ڈیوٹیاں بھی کر رہے ہیں Stay لیکر، تو سر، یہ ناانصافی ہے اور جب ایک حکومت ریگولرائزیشن بل لاتی ہے تو یہ سارے ایمپلائز کیلئے ہے۔ تو میں منسٹر صاحب سے یہی ریکویسٹ کروں گا کہ جو آپ کے ٹیچرز ہیں آئی ٹی کے، پورے صوبے کے اندر ڈیوٹیاں دے رہے ہیں اور آئی ٹی کی اس وقت ضرورت بھی ہے، تو Kindly ان کا جو کیس ہے، وہ خیر عدالت میں ہے، یعنی ان کو Permanent کرنے کیلئے کوئی طریقہ کار جو ہے، وہ اپنایا جائے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر! اس میں، اس میں سر! اختلاف ہے۔

جناب سپیکر: عاطف خان۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سپلیمنٹری، سر۔

جناب سپیکر: جی سپلیمنٹری، جی منور صاحب۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میں سر! منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ پچھلی حکومت میں اے ٹی اور ٹی ٹی کیلئے جو کوالیفیکیشن جو اسناد کا معیار تھا، ان پر لوگ بھرتی بھی ہو گئے ہیں اور ابھی تک وہ کام بھی کر رہے ہیں لیکن اب موجودہ جو بھرتی ہو رہے ہیں، اس میں کوالیفیکیشن کی جو اسناد ہیں جو دارالعلوم کی، اس کو اس میں شامل نہیں کر رہے ہیں اور ان کو ٹیسٹ میں اس سے منع کیا گیا ہے کہ آپ کی اسناد یہ نہیں ہیں، تو میں یہی پوچھتا ہوں کہ پہلے جو لیے گئے تھے انہی اسناد پر، تو کیوں دوبارہ انہی اسناد کو، اس میں ٹی ٹی ہے اور اے ٹی ہے، اور اس قسم کے لوگوں کو کیوں شامل نہیں کرتے؟ تھینک یو، سر۔

جناب سپیکر: جناب عاطف خان، عاطف خان۔

محترمہ معراج ہمایون خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: سپلیمنٹری؟

محترمہ معراج ہمایون خان: جی جناب۔

جناب سپیکر: جی جی۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: میں نے تو پہلے ہی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ میڈم کوئی سپلیمنٹری کوئسچن کرنا چاہتی ہیں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اچھا۔

محترمہ معراج ہمایون خان: اؤ جی، ایډیشنل ورسره دا کول دی جی چې آئی ټی او بی ایډ، ټهیک خبره ده چې دا دواړه پکار ده چې دا وی خو د چترال غوندې ځائې کښې زما خیال خو نشته چې دا Combination به هم ده ته ملاؤ شی، نو هسې هم کمے دے د ټیچرز هر ځائې کښې او بیا داسې غوندې Remote area کښې یعنی چېAlready یو پوسټ باندې کار کوی او تجربه ئے وشی نو پکار دے چې دا رولز د لکوټې Relaxed کیږی او هغه خلق چې دی نو هسې عذاب کښې د نه وی او هغه د کوی نه، دغه شان په ټولو صوبو کښې آئی ټی یو پریکټیکل سبجیکټ دے، بی ایډ زیات Theoretical او هغه دے نو دا لړ Relaxation پکار دے چې ډیپارټمنټ دیکښې اوښائی او دا خلق چې دی نو هغه د ضم کړی او Continue د اوساتی۔ مهربانی۔

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' کا۔۔۔۔۔

جناب سلیم خان: سر!

جناب سپیکر: چلو بِسمِ اللّٰہ، یہ دو رہتے ہیں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ښه جی۔ یو خو راته سپیکر صاحب! دا کلیئر کړئ چې په عدالت کښې کیس وی نو په هغې باندې دلته بحث پکار دے که نه دے پکار؟ ځکه دا زه چې کومه خبره کوم نو په دې باندې عدالت کښې کیس دے، Stay order دے، نو چې آیا خبره پرې وکړم که اوپرې نکړم؟ اول راته دا کلیئر کړئ۔

جناب سپیکر: تاسو Just دا وئیلئ شئ چې کیس کورټ کښې دے۔ (قہقہہ)

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: ښه جی، ښه۔ دیکښې دا بی ایس سی او بی ایډ دواړه شرط وو، د دې په وجه باندې دا Terminate شوی دی، اوس په عدالت کښې

کیس دے نو چې ورسره کوم کوم خلق دا کوالیفیکیشن پوره کوی نو هغوی Permanent کیږی او د هغې نه باوجود په عدالت کښې کیس دے نو عدالت خو چې څه فیصله وکړه نو بس مونږ به هغې ته تیار یو، مونږ ته دغه څه پرابلم نشته، هغه خو هسې هم د عدالت خوښه ده چې څنګه فیصله وی۔

جناب سپیکر: سلیم خان صاحب! یہ چونکہ Sub judice ہے۔جی جی، چونکہ ابھی ٹائم ہوا ہے، ایک دورہ گئے ہیں اکبر حیات کے، بڑی خواری کی ہے بیچارے نے، کبھی موقع نہیں ملا ہے، موقع ہے پہلا، جی جی۔

جناب سلیم خان: سر! اس میں بی ایڈ کی جو شرط ہے، Definitely یہ بعد میں ڈیپارٹمنٹ نے لگائی۔ پہلا جو اشتہار تھا تو اس میں نہیں تھی۔ سر، اس کیلئے بعد میں لوگوں نے، کافی لوگوں نے بی ایڈ کیا، نیا ریگولرائزیشن بل جب آیا، اس کے بعد بھی، مگر ان کو Total ignore کیا گیا، ان کو اس میں ایڈجسٹ نہیں کیا گیا۔

جناب سپیکر: سلیم خان صاحب! آپ کی ویسے بھی ان کے ساتھ میٹنگ ہے، یہ سارے ایشوز آپ اس کے ساتھ ڈسکس کر لیں گے کیونکہ وہ آپ کے ساتھ انہوں نے رکھ لیے ہیں تو ایک دو رہتے ہیں، ٹائم بھی شارٹ ہے تو مہربانی ہو گی۔

جناب سلیم خان: ٹھیک ہے سر، اگر منسٹر کہتے ہیں تو ان کے ساتھ، ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بیٹھوں گا میں۔ تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ ارباب اکبر حیات صاحب، 1475۔

(تالیاں)

ارباب اکبر حیات: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی۔

* 1475 _ ارباب اکبر حیات: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ بھر کے مختلف گورنمنٹ ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں میں لائبریرین کی کئی آسامیاں خالی ہیں؛

